وزیر اعظم کی جمہوریہ ترکی کے صدر سے ملاقات

10ستمبر 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 10 ستمبر 2023 کو نئی دہلی میں جی20 سربراہی اجلاس کے موقع پر جمہوریہ ترکی کے صدر محترم جناب رجب طیب ایردوان کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ کی۔

2. مذاکرات تجارت اور سرمایہ کاری، دفاع و سلامتی، سول ایوی ایشن اور شپنگ سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کے امکانات کے گرد گھومتے رہے۔

3. صدر اردگان نے وزیر اعظم کو ہندوستان کی جی20 چیئرمین شپ پر مبارکباد دی اور فروری 2023 میں ترکی میں آنے والے زلزلے کے بعد آپریشن دوست کے تحت فوری امداد فراہم کرنے پر ہندوستان کا شکریہ ادا کیا۔

4. صدر اردگان نے چندریان مشن کے کامیاب ہونے پر وزیراعظم کو مبارکباد دی اور سورج کے آدتیہ مشن کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

نئی دہلی
10ستمبر 2023